نقوشِ قرآنی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ
نقوش قرآنی
از
حضرت صالح القادری چشتی مدظلہ العالی
رحمٰن برادرس فریر روڈ کراچی

فہرست مضامین کتاب نقوش قرآنی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین۔ ہزار ہزار تعریف اُس خدائے قدوس کو جسنے صرف لفظ کن کے ادنیٰ اشارے سے اٹھارہ ہزار عالم کو پیدا کیا اور اپنی قدرت کاملہ سے ایک مشت خاک کو اشرف المخلوقات کے بلند مرتبہ سے نوازا۔ کونین کا ذرہ ذرہ اسکی عظمت اور بزرگی کا معترف ہے اور ہر ذی روح اسکی تسبیح پڑھتا ہے۔ اُسی کے حکم سے سورج نکلتا اور ڈوبتا ہے۔ چاند روشن ہوتا ہے اور ماند پڑ جاتا ہے۔ ستارے چمکتے ہیں اور معدوم ہو جاتے ہیں۔ ہوائیں چلتی ہیں۔ بارش ہوتی ہے۔ دریا بہتے ہیں غرضیکہ یہ عالم وجود اللہ تعالیٰ ہی کا مظہر ہے۔

انسان کا وجود بظاہر صرف چار عناصر آب، و آتش ہوا اور خاک کے مجموعہ کا نام ہے حقیقتاً اللہ تعالیٰ نے جو عروج اور مرتبے اس خاک کے پتلے کو بخشے ہیں اسکی تشریح کیلئے عمر نوح بھی ناکافی ہے۔ کیا یہ خصوصیت اور برتری ناچیز بندے کیلئے کم ہے کہ وہ دنیا کی دیگر مخلوقات میں افضل اور اعلیٰ بنایا گیا ہے۔ خدا نے اپنے صرف اسی بندہ خاکی کو وہ علم اور بصیرت عطا فرمائی ہے کہ دُنیا میں سرداری کر سکتا ہے۔ کر چکا ہے۔ کر رہا ہے اور کرتا رہے گا۔

یوں تو خداوند تعالیٰ ماں باپ سے زیادہ شفیق اور رحیم مشہور ہے لیکن اُسکی شان رحیمی اور شفقت اُن بندوں پر قابل رشک ہے جو اسی کے ہو گئے اسی سے لو لگائی جو مانگا اسی سے مانگا۔ جو مرضی مولا وہی اسی پر عامل بنے۔ مانگنے اور طلب کرنے کے طریقے جُدا جُدا ہیں۔ اُسکی عبادت رضا جوئی کا خاص ذریعہ ہے۔ عبادتوں میں نماز اس نے اپنے ہر مومن بندے پر فرض کر دی ہے۔ نماز کے لئے بقول شیخ سعدی علیہ الرحمۃ اللہ کے حکم کی پوری تفسیر ہو جاتی ہے۔

روز محشر کہ جاں گداز بود ❊ اولین پرسش نماز بود

ہزاروں طریقوں میں سب سے افضل اور اولیٰ طریقہ خدا سے مانگنے کا صرف نماز ہے

نماز کا عادی ہو جانیکے بعد بندہ جو خواہش رکھتا ہو پوری ہوگی، دنیا میں رہ کر انسان کی اکثر ضرورتیں ایسی ہیں جن کے پورا کرنے کے لئے اسکو نماز کے ساتھ ساتھ خاص ذرائع اپنے رہنے گزر گزرانے کے اختیار کرنے پڑتے ہیں اور اللہ تعالی ہی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنے کے لئے مجبور ہونا پڑتا ہے۔

کلام الہٰی اللہ تبارک و تعالےٰ کا وہ قانون ہے جسکی پابندی کے بعد بندہ کبھی گمراہ نہیں ہو سکتا اور اسکا ہر قدم تمام زندگی صراط مستقیم کی جانب اٹھتا ہے۔ اللہ کا پورا کلام پاک برکتوں اور خوبیوں کا سرچشمہ ہے ہر دکھ اور درد کی دوا ہے۔ جہاں اس کلام برتریں زندگی گذارنے کے طور طریقے بتائے گئے ہیں وہیں اسکا ہر ہر لفظ اپنے اندر فیوض اور برکتوں کا ایک سمندر لئے ہوئے ہے۔

اس خصوص میں کلام الہٰی کو جس نظر سے صوفیائے کرام اور بزرگان دین نے مطالعہ کیا ہے۔ اسکا ایک مفصل باب علیحدہ ہے۔ شریعت سے قطع نظر دوسری منزل مقرب بارگاہ احدیت ہونے کی طریقت بھی ہے جہاں مومن بندے کے لئے دنیا ہی دوسری معلوم ہوتی ہے طریقت میں نماز کے ساتھ ساتھ۔ اوراد۔ وظیفے۔ تسبیح۔ چلہ کشی وغیرہ یہی ذریعہ عبادت اور حصول مقاصد دینی و دنیوی عبادت میں ضروری ہیں۔ اس منزل سے گذرنے والے کا دل روشن ہوتا ہے آنکھیں کھل جاتی ہیں وہ وہ تماشے دیکھنے لگتا ہے جسے ہماری آنکھیں نہیں دیکھ سکتی ہیں وہ اپنے دلمیں وہ نقشہ پیدا کر سکتا ہے جس کا خاکہ بھی ہم نہیں کھینچ سکتے۔

صوفیائے کرام نے اور بزرگان دین نے اس کوچہ میں اپنی عمریں گذار دیں۔ وظائف اور اوراد انہیں بزرگوں کے عطیات ہیں جو سینہ بہ سینہ آج تک عوام کیلئے مشعل راہ بنے ہوئے ہیں۔ بزرگوں کا یہ فیض کیا کم ہے کہ انہوں نے جو کچھ حاصل کیا وہ اپنے ہی تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسکو اپنے سلسلہ کے مسلمانوں تک

پہنچا نے ہیں ذرا حضدل سے کام لیا جن جن طریقوں سے انہیں کامیابی حاصل ہوئی وہ من و عن بتادی اور سمجھادی۔

آج وظیفوں اور تعویذوں سے جو دوری اور عدم توجہی پائی جاتی ہے اسکا مطلب یہ نہیں کہ ان میں کوئی وزن نہیں ہے۔ یا اُن میں اثر نہیں ہے۔ کلام الہٰی کے اثر سے انکار گویا خود اللہ کے کلام سے توبہ توبہ انکار ہے۔ وجہ صرف یہ ہے۔ نہ ہم میں وہ صدق دلی ہے نہ طلب صادق۔ نہ رجوع اللہ کا جذبہ مطلب پورا ہو تو کیسے ہمارے بتائے ہوئے یا خود عمل کئے ہوئے وظیفے میں اثر ہو تو کیسے دوسری خامی سب سے بڑی یہ ہے کہ ہم کوئی وظیفہ کوئی نقش پوری ترکیب اور بزرگوں کی بتائی ہوئی پوری ہدایت کے ساتھ نہیں کرتے۔

ہم اوپر اظہار کر چکے ہیں کہ بزرگوں نے اس راستہ میں اپنی عمر کا کافی حصہ صرف کرکے کامیابی حاصل کی ہے وہ اسطرح سے کہ ایک ایک وظیفے کو مختلف صورتوں میں پڑھا جب کامیابی ہوئی اسی صورت کو حرز جان بنا لیا اسی کے ساتھ اس کو جو میں سب سے اہم اور ضروری تلاش یہ کی کہ کلام الہٰی کے نزول کا وقت اور ساعت معلوم کی اللہ تعالےٰ نے وقت آفرینش دنیا عرش اعظم سے لیکر فرش خاکی تک ہر ذرہ کو خواہ انہیں زمین ہو آسمان ہو، چاند ہو، سورج ہو، ستارے ہوں، ہوا ہو، پانی ہو، آگ ہو، خاک ہو، کوئی نہ کوئی خدمت ضرور عطا فرمادی۔ اب ان خدمات کی روشنی میں اچھی اور بری تمیز پیدا کرنے کیلئے علم نجوم پیدا فرمایا۔ جسکے تمام ذخیرہ میں آسمان چاند اور سورج ستاروں کی گردش اسکے اچھے یعنی سعد اور نحس اثرات کا تفصیل سے ذکر ہے۔ آیات الہٰی بھی اسی دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں کسی نہ کسی وقت نازل فرمائی گئیں۔ صوفیائے کرام اور تلاشی حق نے سیاروں کی گردش اسکے اثرات اور آیتہ کریمہ کے نزول سے پوری معلومات کے بعد وظیفہ شروع کیا یہ کام کوئی آسان نہ تھا جب آپکی

بہ محنت بار آور ہو گئی تو خدا کی مخلوق کو بھی محروم نہ رکھا۔ بڑی جانفشانی اور محنت سے کلام الٰہی سے استفادہ فرمایا، وظیفہ کی محنت کوئی پوشیدہ راز نہیں ہے آج بھی اللہ کے نیک بندے جو سینکڑوں بزرگوں کے عطیہ وظائف محفوظ ہیں۔ اور وہ اسی طریقہ سے ورد کرتے ہیں کامیابی نصیب ہوتی ہے بزرگوں نے اسی پر اکتفا نہیں کی کہ وظیفے بتا دیئے اور اللہ کی طرف رجوع کرنے کے علاوہ دنیا میں بھی کامیابی کا راستہ بتایا بلکہ اس غور و فکر کے بعد مخالف خدا ہیں جو دنیاوی تفکرات اور گھر بار کے جھگڑوں میں پھنس کر اتنی فرصت کہاں پا سکتے ہیں جو وظیفوں کی تکمیل کر سکیں لہٰذا یہ انہیں کا فیض اور کرم ہے کہ وظیفوں کو نقوش کی صورت میں مختصر سے مختصر کر دیا تاکہ تھوڑی محنت کے بعد اہل حاجت اپنی مراد کو پہنچ سکیں۔

وظیفوں اور اوراد کے اکثر ذخیرے کتب خانوں میں موجود ملیں گے لیکن تعویذوں اور نقوش کا ذخیرہ مستند اور زود اثر بہت کم ہے۔ اسکی وجہ خاص یہ ہے کہ نقوش کی تکمیل میں سخت سے سخت مراحل طے کرنے پڑتے ہیں جنکو اکثر قدما نے نظر انداز کر کے صرف وظیفوں کی صورت میں عوام تک پہنچایا ہے اس ناچیز کے پاس سلسلہ قادریہ کے عطا کئے ہوئے نقوش کا کافی ذخیرہ موجود تھا۔ اور اس ضرار کو اپنے تک ہی محفوظ رکھنا گناہ سمجھا۔ اس لئے اپنے اہل حاجت بھائیوں کیلئے "نقوش قرآنی" کے نام سے یہ کتاب پیش کر رہا ہوں اس میں جسقدر نقوش ہیں وہ پورے کلام پاک کا نچوڑ ہے اور اسکی اجازت عام ہے کہ ہر شخص اپنی ضرورت کیلئے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نقش بھر کر فیض حاصل کر سکتا ہے یقیناً بڑی برکتوں والا ہے۔ لیکن اتنا ضرور خیال رہے کہ ان نقوش کو خود استعمال کرے یا کسی کو دیتے وقت جائز اور نیک ضرورت ہو۔ ورنہ اثر نہ ہوگا۔ اسکے ذریعہ روزی کمانا بھی حرام ہے۔

احقر

صابر القادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱)

نقش بسم اللہ شریف

مع چار فوائد

نقش بسم اللہ شریف مندرجہ ذیل مشکلات میں اپنا پورا اثر دکھاتا ہے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھکر لوبان کی دھونی دیکر موم جامہ میں لپیٹ کر تعویذ کی صورت میں یا تو بازو پر باندھ لے یا گلے میں لٹکا لیا جائے۔ اگر کسی دوسرے اہل حاجت کو دے تو بھی یہ ہدایت کر دے۔

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

فائدہ پہلا ہر قسم کے بخار کیلئے تیر بہدف ہے۔

فائدہ دوسرا کسی مشکل اور مصیبت کے وقت اسکو پاس رکھنا ہر بلائے آسمانی سے محفوظ رکھتا ہے۔

فائدہ تیسرا اس نقش کے پاس رکھنے سے دشمن دوست اور حاکم سخت مہربان ہو جائے گا۔ جس کی نظر عنایت درکار ہوگی وہ نوازش کرے گا۔

فائدہ چوتھا بسم اللہ شریف کا ورد اگر رحمٰن اور رحیم کی صفات کو دھیان میں رکھ کر کیا جائے تو دُنیا اور آخرت میں سُرخروئی نصیب ہوگی چونکہ بسم اللہ شریف میں اسم اعظم کی برکت شامل ہے اسلئے یہ نقش ہر دکھ اور درد کی دوا ہے۔

(۲)

نقش سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف

بچھو کا زہر ختم کرنے کے لیے ہے بھی
مع سات فوائد

فائدہ پہلا سورۂ فاتحہ کی برکت

۴۳۵۴	۲۳۶۱	۴۳۶۲	۲۳۶۵
۴۳۶۹	۲۳۶۴	۴۳۵۸	۲۳۷۰
۴۳۶۳	۲۳۶۶	۴۳۶۳	۲۳۵۹
۴۳۶۸	۲۳۶۰	۴۳۶۳	۲۳۶۷

پہلی برکت یہ ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو خواب میں تلاوت کرے اسکے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں مقبول ہونگے اور برے اعمال سے بچیگا

فائدہ دوسرا جو شخص کسی سخت اور مہلک مرض میں مبتلا ہو کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو اس نقش شریف کو زعفران سے سفید چینی کی سات رکابیوں پر لکھکر دن میں سات بار دھوکر پلا دے۔ انشاء اللہ صحت کامل نصیب ہوگی. اور اگر کوئی مریض کا عزیز قریب جسکو مریض سے خاص تعلق ہو تمام رات جاگ کر لاتعداد مرتبہ سورۃ الحمد شریف پڑھے انشاء اللہ مریض جلد سے جلد صحت حاصل کریگا اور عمر میں ترقی ہوگی اگر طشتریوں سے ایک دن میں سکون نہ ملے تو کم از کم تین روز اور زیادہ سے زیادہ سات یوم تک یہ عمل کرے صحت کامل نصیب ہوگی

فائدہ تیسرا اگر کسی کے جسم پر دھاسے یا چھیپ یا کوڑھ ہو تو بھی اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور تعویذ کی صورت میں موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر کے گلے یا بازو پر باندھ لے اور اکتالیس مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ کر کوڑھ یا دھاسے وغیرہ کے مقام پر دم کرے

انشاء اللہ جلد فائدہ ہوگا۔

فائدہ چوتھا اگر کسی شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو یا بچھو نے ڈنک مارا ہو یا کنکھجورا چمٹ گیا ہو۔ اس نقش کو جلد کاغذ پر لکھکر کاٹے ہوئے حصہ پر باندھدے اور دوسرا نقش لکھکر اور دھوکر پلادے ایک مرتبہ تلاوت کرکے دم بھی کردے۔ انشاء اللہ فوراً زہر اتر جائیگا۔

(نوٹ۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ یہ صورت تریاق کا اثر رکھتی ہے اور صحابہ نے خصوصاً مار گزیدہ یعنی سانپ کے کاٹے ہوئے پر اسکا عمل کیا ہے۔

فائدہ پانچواں اگر اس نقش کو طلوع آفتاب کے پہلے نوچندی جمعرات کو بعد نماز فجر زعفران سے لکھکر اپنے پاس بطور تعویذ رکھا جائے تو انشاء اللہ جس مجلس یا جس جماعت میں گذر ہوگا ہر شخص رعب سے خائف رہیگا۔ خصوصیت سے یہ نقش عقد بعد پہلی مرتبہ خلوت میں اپنے پاس رکھنے سے منکوحہ بی بی تمام عمر فرماں بردار اور شوہر پرست رہیگی صرف جائز منکوحہ بی بی کیلئے یہ نقش کارآمد ہوگا۔ ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہے۔

فائدہ چھٹا ہر حاجت اور ضرورت کے دفعیہ کیلئے چاندی کے تعویذ میں اس نقش کو اپنے پاس رکھنا ہمیشہ کامیاب رکھتا ہے۔

فائدہ ساتواں سخت سے سخت اور مہلک سے مہلک دردسر کیلئے اس کو تعویذ کی صورت میں سر سے باندھنا بہت مفید ہے۔

فائدہ آٹھواں ہر قسم کے بخار حتیٰ کہ تپ کہنہ کے مریض کو بھی اس نقش کا پانی تریاق کا اثر رکھتا ہے۔

فائدہ نواں صبح صادق سے قبل بعد نماز تہجد اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور سات بار اسی سورۃ کو پڑھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ رزق میں فراوانی ہوگی۔

نقش سورۂ بقر

مع ۲۹ فوائد

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۹۵
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۹۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۹۹۷	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۹۹	۲۳۶۹۹۶	۲۳۶۹۹

فائدہ پہلا تعبیری صورت میں جو شخص خواب میں خود کو سورۃ کی تلاوت کرتا پائے اسے دنیا میں ہر طرح کی بھلائی ہوتی رہیگی۔

فائدہ دوسرا اگر کسی شخص یا عورت پر کسی آسمانی بلا، دیو، بھوت، چڑیل جن وغیرہ کا سایہ ہو۔ اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر بتی بنا کر چراغ روشن کرے چراغ میں معمولی تیل کے بجائے اگر زیتون کا تیل مل جائے تو بہت بہتر ہے ورنہ خوشبودار تیل چمیلی، بیلے وغیرہ کا استعمال کرے آسیب زدہ کی نظر چراغ کی لو پر پڑنے سے آسیب خدا نے چاہا نے کی وجہ بنا دیگا۔ پھر اس نقش کو سات کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھکر دھونی دینا آسیب سے نجات دلا دے گا۔ آئندہ حفاظت کیلئے اس نقش کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں رکھکر قریب گلے یا بازو پر رکھنا بہت مفید ہے سات مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنا بھی مفید ہے۔

فائدہ تیسرا اگر بچوں کا حافظہ کمزور ہو یا کوئی بات کسی کو نہ یاد رہتی ہو تو اس نقش کو روزانہ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پینا یا پلانا مفید ہے۔

فائدہ چوتھا اگر کسی کو علم حاصل کرنے میں طبیعت نہ لگتی ہو تو اس تعویذ کو مردیا بچہ

اپنی ٹوپی میں۔ اور لڑکیاں یا عورتیں اپنی چوٹی میں تعویذ بنا کر رکھیں انشاء اللہ حصول علم پر دل مائل ہوگا

فائدہ پانچواں اگر کسی کو مرگی کی شکایت ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اور تعویذ بنا کر بازو پہ باندھ لے۔ انشاء اللہ اس موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی اس سورۃ کو مرگی کے مریض پر پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔

فائدہ چھٹا چیچک کے مریض کیلئے بھی اس کو لکھ کر اور دھو کر پلانا ضرور فائدہ ہے

فائدہ ساتواں جس شخص یعنی اپنے دشمن کو شر گا ایذا پہنچانا گناہ خود اس نقش کو سات کاغذ کے پرزوں پر لکھکر کسی مٹی کے کورے برتن میں اُن پرزوں کو دھو لے اور پانی اتنا ہو کہ تھوڑی دیر میں پانی کو وہ برتن جذب کرے پھر اس برتن کی ٹھکریاں بنالے اور دشمن کے گھر میں ایسی جگہ ڈال دے یا دبا دے جہاں یہ ٹھکریاں تلف نہ ہوں اور نہ پیروں کے نیچے آنے کا احتمال ہو انشاء اللہ دشمن بہت جلد یا تو تمام پر مائل ہوجائے گا یا دشمن کے وارث بچنا نصیب ہو جائے گا۔ اور دشمن خود کسی تکلیف میں مبتلا ہو کر خوشامد اور مصالحت کی جانب رجوع ہوگا۔

فائدہ آٹھواں اگر کسی باغ یا کھیت کی فصل اچھی نہ ہو اور زمین کی خرابی کی وجہ سے ہر فصل پر نقصان ہوتا ہو تو کوری مٹی کے سکوروں پر اس نقش کو لکھ کر باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ نمایاں فصل ہوگی۔

فائدہ نواں اگر مکان کے صحن میں دو چار درخت ہوں اور انکیں یہ شکایت ہو تو اس نقش کو کورے سکوروں پر مندرجہ بالا طریقہ سے لکھکر درخت کے تنے میں دفن کردے اور اوپر شاخوں میں کسی جگہ باندھ دے۔ انشاء اللہ افراط سے پھل آئے گا۔

فائدہ دسواں اگر کسی شخص کو خوف رہتا ہو اور جن و شیطان بھوت چڑیل وغیرہ نظر آتی ہیں تو اس نقش کو اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہیگا اور تمام بلائیں اس کی صورت سے دور بھاگیں گی۔

فائدہ گیارہواں اگر اپنی بی بی کے غائبانہ اعمال کو معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو لکھکر شب میں سوتے وقت اپنے سینہ پر رکھلے اور ایک بار سورہ بقر کی تلاوت کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں اسکا ہر عمل سامنے نظر آجائے گا۔

فائدہ بارہواں جس شخص کو فکروں کی وجہ سے ہر وقت رنج و غم کا سابقہ پڑتا رہتا ہو تو اس نقش کو تعویذ کی صورت میں اپنے پاس رکھے انشاء اللہ باوجود فکروں کے اسکی طبیعت بحال رہیگی اور صبر و شکر سے خوشحال رہے گا

فائدہ تیرہواں اگر کسی حاملہ عورت کا وضع حمل باوجود شدت درد کے نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر کمر پر ناف کے نیچے باندھ دے فوراً بعافیت وضع حمل ہوجائے گا۔ لیکن وضع حمل کے بعد فوراً نقش کو علیحدہ کر دینا چاہیئے علاوہ اسکے دوسرے پیٹ کے درد دل میں اس نقش کا باندھنا مفید ہے۔

فائدہ چودھواں اگر کسی کو استسقا یعنی جلندھر کا مرض ہو جس میں پیٹ کے اندر پانی ٹھہر جاتا ہے۔ ایسے مریض کو یہ نقش لکھکر چٹانا اور اسکا عرق پینا بہت مفید ہے۔ اسطرح جب کبھی سفر میں پانی نہ ملتا ہو تو اس نقش کو لکھکر چوسنا پیاس بجھاتا ہے

فائدہ پندرھواں تجارت میں نمایاں فائدہ ہونیکے لئے فرخنگی کے سامان میں اس نقش کو جگہ جگہ لکھکر رکھے انشاء اللہ بہت فائدہ اور مال میں برکت ہوگی۔

فائدہ سولہواں اگر کسی شخص سے اسکا کوئی دلی راز اور چھپی ہوئی بات

معلوم کرنی ہو تو اس نقش کو لکھکر سوتے وقت اس شخص کی چارپائی پر سرہانے باندھ دے انشاء اللہ سوتا ہوا شخص اپنا پورا دلی راز بیان کرنا شروع کردے گا۔ یہ عمل اسوقت مناسب اور ضروری ہے جب اس راز کے معلوم کرنے سے کسی کا فائدہ جائز ہوتا ہو اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی کا سبب نہ ہو ورنہ نقصان ہوگا۔

فائدہ سترہواں اگر کسی جگہ یہ شک ہو کہ یہاں دفینہ ہے اور تصدیق کرنی ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر ایک سفید مرغ کے گلے میں باندھ دے وہ مرغ اگر دفینہ ہے تو اسی جگہ کھڑا ہو کر بانگ دیگا یا پنجوں سے وہ جگہ کریدنا شروع کردیگا بشرطیکہ دفینہ وہاں ہو۔

فائدہ اٹھارہواں پالتو جانوروں کے ہر مرض کے لئے اگر چوپایہ گائے بکری بھینس گھوڑا وغیرہ ہو تو یہ نقش اسکے گلے میں باندھ دے اور پرند وغیرہ کے ایسے مقام پر محفوظ کردے جہاں سے وہ چونچ سے علیحدہ نہ کرسکے اور بے ادبی نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور صحت مند ہوگا۔

فائدہ انیسواں جو جانور دودھ کم دیتا ہو اسکی سانی یا چارہ میں اس نقش کو دھوکر اسکا پانی چھڑکتا رہے انشاء اللہ افراط سے دودھ دینا شروع کردے گا۔
اسی طرح جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو اس نقش کو دھوکر پیئے دودھ بڑھ جائے گا۔

فائدہ بیسواں اگر کسی کنوئیں میں کمی پانی کی شکایت ہو تو اس نقش کو لکھکر کسی پتھر کے ساتھ باندھ کر کنوئیں میں ڈالدے پانی کی کثرت ہو جائے گی۔

فائدہ اکیسواں اگر کسی کو رات میں حسب خواہش بیدار ہونے کی ضرورت

ہو تو اس نقش کو سرہانے تکیہ کے نیچے رکھکر سور ہے اسی وقت پر آنکھ کھل جائیگی

فائدہ بائیسواں اگر کسی عورت کا خاوند اس سے ناراض رہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر یا لکھوا کر اپنی چوٹی میں محفوظ رکھے انشاء اللہ خاوند مہربان رہیگا۔ اور اگر خاوند میں کچھ بد عادتیں ہیں تو نقش کو دھو کر پلانے سے وہ عادتیں جاتی رہیں گی۔

فائدہ تیئیسواں افسر اور آقا کے مہربان رہنے کیلئے اس نقش کو اپنے پاس رکھنا بہت مفید ہے۔

فائدہ چوبیسواں اگر یہ یقین ہو جائے کہ مکان مسکونہ آسیب زدہ ہے اور ہر وقت خوف معلوم ہو تو اس نقش کو لکھ کر مکان کا رہنے والا اپنے گلے میں اس نقش کو تعویذ کی صورت بنا کر ڈال لے اور کورے سکوروں پر لکھکر مکان کے بالائی چاروں حصوں میں سکورے دفن کردے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور کوئی خوف باقی نہیں رہے گا۔

فائدہ پچیسواں جس کسی کو بلغم کی زیادہ شکایت رہتی ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو وہ اس نقش کو کاغذ پر لکھکر یا چینی کی طشتریوں پر لکھکر تین روز تک پی لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کلی صحت حاصل ہوگی۔

فائدہ چھبیسواں اگر کسی عورت یا مرد یا بچے یا بچی کو کسی جن نے پریشان کر رکھا ہو تو آخر ماہ قمری کی کسی جمعرات کو اس نقش کے نقشے اسطرح بنائے کہ کاغذ پر لکھکر اس پر صاف نئی روئی لپیٹ دے اور بتی بنالے پھر کڑوے تیل کا چراغ ان فتیلوں سے تین روز تک روشن کرے انشاءاللہ وہ جن جل کر خاک ہو جائیگا اور مریض

اور اسکا ستایا ہوا محفوظ ہو جائے گا۔

فائدہ ستائیسواں اگر یہ خواہش ہو کہ پڑھا ہوا قرآن پاک نہ بھولے تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر چینی کی طشتریوں پر دھوکر پی لیا کرے انشاء اللہ نعمت عظمیٰ دل میں جاں گزیں ہو جائے گی۔

فائدہ اٹھائیسواں اگر کوئی شخص دیوانہ ہو یا دیوانہ ہونے کا خوف ہو تو اس نقش کو ہمیشہ اپنے پاس رکھنا مفید ہے۔

فائدہ انتیسواں بچوں کو ام الصبیان یعنی دورہ پڑنے کا مرض ہو اسکے لئے اس نقش کو زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھکر اور دھوکر پلانا بہت ہی مفید ہے۔

(مہ)

نقش سورۂ آلِ عمران

مع سترہ فوائد

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

فائدہ بصورت تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص خود کو اس سورہ کی تلاوت کرتے ہوئے خواب میں دیکھیگا انشاء اللہ اسکے یہاں اولاد نرینہ پیدا ہوگی اور اسکو سفر کرنے سے فائدہ ہوگا

فائدہ دوسرا

اگر کوئی قرضدار ہو اور قرض ادا کرنے کی قوت نہ ہو۔ اور تقاضوں سے عاجز آگیا ہو تو اس نقش کو لکھکر اپنے بازو پر محفوظ کرے اور ... مرتبہ اس سورت کی تلاوت کرکے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ جلد اس کا قرض ادا ہوجائے گا۔

فائدہ تیسرا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس نقش کو لکھکر اس جگہ رکھدے جہاں سے چیز گم ہوئی ہے اور اس سورہ کو ایک مرتبہ تلاوت کرکے بازیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز یکایک مل جائے گی۔

فائدہ چوتھا

کشائش رزق سے پریشان رہنے والا نقش کو چاندی کے تعویذ میں موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھے غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔

فائدہ پانچواں

اگر مخفی بات معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو اپنے بازو پر باندھ کر درود شریف کا ورد کرتے ہوئے سو جائے انشاء اللہ خواب میں پورا راز معلوم ہوجائے گا۔

فائدہ چھٹا

مثل نقش سورۂ بقرہ یہ نقش بھی دفینہ معلوم کرنے کیلئے اسی نقش کا اثر رکھتا ہے ترکیب بھی وہی مثل سورہ بقرہ کے نقش کے ہے۔

فائدہ ساتواں

اگر کسی عورت کا حمل قبل از وقت ساقط ہوجاتا ہو تو اس نقش کو کاغذ یا چینی کی طشتری پر لکھکر حاملہ عورت کو تین روز تک دن میں تین مرتبہ دھوکر پلا دینا حمل کے استقرار کیلئے بہت زود اثر ہے نیز اس نقش کو چاندی کے تعویذ میں محفوظ کرکے کمر پر باندھنے سے حمل قطعی محفوظ رہیگا۔

فائدہ آٹھواں بچے اکثر روتے زیادہ ہیں یا بعض بچے خوف سے چونکتے رہتے ہیں ان کے گلے میں اس نقش کو زعفران سے لکھکر لوبان کی دھونی دیکر بصورت تعویذ ڈال دیا جائے انشاء اللہ یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

فائدہ نواں اگر کسی عورت کے دودھ کم ہوتا ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو تو اس نقش شریف کو دھوکر پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ وافر پیدا ہوگا۔

فائدہ دسواں اگر یہ تمنا ہو کہ اولاد صالح اور نیک پیدا ہو تو زن و شوہر دونوں اس نقش کو لکھکر مستقل اپنے بازو یا گلے میں محفوظ رکھیں۔ انشاء اللہ اولاد نہایت نیک و عمر دراز پیدا ہوگی۔

فائدہ گیارہواں اگر کسی کو برص یا جذام کی شکایت ہو تو اس نقش کو روزانہ تین مرتبہ سات روز تک چینی کی طشتری پر لکھ کر دھوکر پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

فائدہ بارھواں اگر کسی شخص کو معاشی سکون نہ نصیب ہو اور آمدنی سے زیادہ اخراجات ہوں تو اسے چاہیئے کہ اس نقش کو لکھکر تعویذ بنا کر اپنے پاس محفوظ کرے انشاء اللہ کمائی اور روزی میں برکت ہوگی

فائدہ تیرھواں اگر حصول ملازمت کیلئے کسی حاکم کے سامنے جانے کا موقع آئے اور کامیابی میں تذبذب ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا عمامہ میں محفوظ کرلے۔ انشاء اللہ حاکم رحمدلی سے پیش آئے گا اور ملازمت مل جائیگی

فائدہ چودھواں اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی خواہش کے موافق نہ ہوتی

ہو یعنی فریق ثانی کے والدین رضامند نہوتے ہوں یا لڑکا لڑکی خود راضی نہوتے
ہوں تو اس نقش کا خاکہ خط پر کھینچ کر یعنی بلا روشنائی کے صرف قلم سے بنا کر بھیجد
اور اگر موقعہ مل سکے تو گفتگو کے وقت اس نقش کو اپنے پاس رکھے نیز حسب
موقع اس سورہ کو کسی مٹھائی یا الائچی وغیرہ پر پڑھ کر دم کر کے کھلادے انشاءاللہ
ہر مخالفت دور ہو جائے گی اور مرضی کے موافق شادی ہو جائے گی۔

فائدہ پندھرواں اگر کسی سے پاک محبت درکار ہو تو اس نقش کو قمری مہینہ کے پہلے پنجشنبہ کو زعفران سے لکھکر تعویذ بنا کر اپنے
پاس رکھے اور صرف ایک نظر محبوب کو اپنی صورت دکھانے کی کوشش کرے
انشاءاللہ تعالیٰ والہانہ محبت ہوگی۔ یہی عمل اگر چاند کی آخری تاریخوں میں منگل
کے روز کیا جائے تو دشمنی پیدا کرنے میں بہت زود اثر ہے۔

فائدہ سولہواں اگر کسی شخص کی نکسیر زیادہ پھوٹتی ہو یا عورت کو سیلان الرحم کا مرض ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھکر اور
دھو کر ایک ہفتہ تک پلانے سے دونوں شکایات دور ہوں گی۔

فائدہ سترواں اگر کسی بے وفا محبوب کی جفاؤں اور سخت گیری یا بےالتفاتی سے ناامیدی اور مایوسی پیدا ہو چکی ہے اور خواہش یہ ہو کہ
اسکی محبت دل سے نکل جائے تو اس نقش معظم کو چاند کی آخری جمعرات کو لکھکر اپنے
پاس رکھے انشاءاللہ اسکی جانب سے نفرت پیدا ہوجائے گی اور کوئی دوسرا
باوفا محبوب غیب سے حاصل ہو جائے گا بشرطیکہ گناہ یا نفس پرستی کے ارادہ
سے محبت نہو۔

(۵۱)

نقش سورۂ نساء

مع چھ۶ فوائد

۲۸۸۸۲۳	۲۸۸۸۳۶	۲۸۸۸۲۹	۲۸۸۸۱۵
۲۸۸۸۲۶	۲۸۸۸۱۲	۲۸۸۸۳۲	۲۸۸۸۲۷
۲۸۸۸۱۷	۲۸۸۸۳۱	۲۸۸۸۲۴	۲۸۸۸۲۱
۲۸۸۸۳۵	۲۸۸۸۲۰	۲۸۸۸۲۸	۲۸۸۸۳۰

فائدہ پہلا بصورت تعبیر خواب جو شخص خود کو خواب میں اس سورۃ کی تلاوت کرتے دیکھے وہ بہت مالدار ہوگا لیکن ورثا اسکی میراث پر قابض ہوجائیں گے اور بی بی سے اسکا جھگڑا ہوگا۔

فائدہ دوسرا جو شخص کسی دشمن سے خائف ہو اور دن رات دہشت میں مبتلا رہتا ہو وہ اس نقش کو مشک اور زعفران کی آمیزش سے لکھکر دھو کر پئے انشاء اللہ خوف اور ہراس دور ہوجائے گا اور دشمن نادم اور شرمندہ ہوگا۔

فائدہ تیسرا اگر عورت یعنی منکوحہ بی بی کو فرمانبردار اور تابعدار بنانا ہو تو اس نقش کو لکھنے کے بعد دھوکر اسے پلادے انشاء اللہ شوہر پرست بن جائے گی۔ اسی طرح عورت اپنے شوہر کے لئے کر سکتی ہے۔

فائدہ چوتھا اگر کسی شخص کی نسبت یقین ہو کہ اسپر جادو کیا ہے تو اس نقش شریف کو اسی کے بالشت سیدہ کپڑے کے ٹکڑے پر زعفران سے لکھکر دھونی دینے سے جادو کا اثر بالکل زائل ہوجائے گا۔

فائدہ پانچواں

ہر مرض کیلئے یہ نقش معظم تریاق کا اثر رکھتا ہے مریض کر
یا بازو پر چاندی کے تعویذ دان میں موم جامہ کر لے کے بعد
رکھکر گلے یا بازو پر باندھ دے یا زعفران سے طشتریوں پر لکھکر دھوکر پلا دے انشاءاللہ
سخت سے سخت اور مہلک سے مہلک مرض سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

فائدہ چھٹا

دولہا دولہن کے باہمی ارتباط اور محبت کے لئے عقد کے بعد
اس نقش کو مشک سے لکھکر اور دھوکر تھوڑا تھوڑا پانی دونوں
کو پلا دے انشاءاللہ محبت دائمی ہوگی۔

(٦)

نقش سُورۃ التوبہ

مع تین فوائد

فائدہ پہلا

۱۷۵۹۰۳	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۹۹۶
۱۷۵۹۰۹	۱۷۵۹۹۷	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۹۰۷
۱۷۵۹۹۸	۱۷۵۹۱۲	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۰۱
۱۷۵۹۰۵	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۹۹۹	۱۷۵۹۱۱

تعبیر خواب کی صورت میں
جو شخص اس سورۃ کو خواب میں
تلاوت کرتا ہوا خود کو دیکھے گا اسکے
ہر کام کو لوگ نیکی اور عزت کی نظر
سے دیکھیں گے۔

فائدہ دوسرا

اگر کوئی شخص اپنے نقد سرمایہ کو چوروں وغیرہ سے محفوظ رکھنا
چاہے تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر رقم کے ساتھ محفوظ کرے

فائدہ تیسرا اگر کسی کا کوئی عزیز گھر سے ناراض ہو کر خواہ بچہ ہو یا جوان چلا گیا ہو یا کسی چور کا پتہ نہ چلتا ہو تو نقش کو کاغذ پر لکھ کر انار اور لیموں کے درختوں پر لٹکا دے انشاء اللہ گمشدہ شخص واپس آجائے گا۔ اور چور کا پتہ لگ جائیگا۔

---

(۷)

نقش سورۂ یونس

مع نو فوائد

۱۳۷۵۲۶	۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۳۲	۱۳۷۵۱۹
۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۰
۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۳۴
۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۳۴

فائدہ پہلا

خواب کی تعبیر کی صورت میں ہر وہ شخص یا عورت جو خواب میں اس سورۃ کی تلاوت کرے ہر آفت سماوی سے محفوظ رہیگا۔

فائدہ دوسرا

اگر کسی عورت یا مرد پر دیو، پری، شیطان، بھوت جن وغیرہ کا سایہ ہو اور نا اہل تھک گیا ہو تو اس نقش کو ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھکر دوشنبہ کے روز بعد نماز فجر آسیب زدہ کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ جبتک یہ نقش اسکے بازو پر بندھا رہیگا۔ اسکو ستانے والا اسکے پاس نہیں پھٹک سکے گا۔

فائدہ تیسرا ہر دنیاوی مصیبت اور پریشانی سے محفوظ رہنے کیلئے اور عقبیٰ میں اجر خروی حاصل کرنے کیلئے اگر ماہ ربیع الاول کی پہلی جمعرات کو

بعد نماز عشاء پچیس مرتبہ سورہ یونس پڑھ کر قبلہ رو مصلیٰ پر بیٹھکر اس نقش کو زعفران
سے لکھے اور ہمیشہ اپنے پاس بطور تعویذ محفوظ رکھے انشاء اللہ دنیا میں اُسے ہر
جگہ بزرگی اور سرخروئی حاصل ہوگی کوئی کام اُسکا نہیں رکے گا۔

فائدہ چوتھا اگر کسی کی پنڈلی یا پسلی میں شدت کا درد ہوتا ہو اور ڈاکٹر یا حکیم بھی
سے عاجز آگئے ہوں اس نقش کو لکھکر تیل یا دوسری ایسی دوائیں ڈالکر
مالش کرے اور درد کی جگہ کو باندھ دے انشاء اللہ جلد درد سے بالکل نجات حاصل ہوگی۔

فائدہ پانچواں عورت کے دردزہ کی کمی اور ولادت کے بہ آسانی ہوجانے کیلئے
اس نقش کو کاغذ پر لکھکر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے
انشاء اللہ جلد وضع حمل بہ آسانی ہوجائے گا لیکن وضع حمل کے بعد فوراً اس نقش
کو علیحدہ کر دینا چاہیئے۔

فائدہ چھٹا اگر کسی کو اختلاج قلب کی شکایت یا خفقان کا مرض ہو تو اس نقش
کو روزانہ سات روز تک صبح کے وقت لکھکر اور دھو کر پی لیا کریں
جلد صحت حاصل ہوگی۔

فائدہ ساتواں اگر کسی کو مرگی یا بچہ کو مرض ام الصبیان ہو تو اس نقش کو تعویذ کی
صورت میں پاس رکھنے سے انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

فائدہ آٹھواں اگر کسی کو ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں بچے سوتے میں چونک پڑتے ہوں
تو اس نقش کو چاندی کے تعویذ میں محفوظ کر کے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے انشاء اللہ سکون ملیگا

فائدہ نواں اگر کسی کو جادو کا اثر ہو یا کسی نے کوئی عمل کر کے پریشان کرنا شروع
کر دیا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور گلاب کے عرق میں دھو کر پلا دینا بہت مفید ہے

نقش سُورۂ یوسف

مع سات فوائد

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۶	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

فائدہ پہلا

خواب کی تعبیر کی صورت میں جو شخص سورہ یوسف کی خواب میں تلاوت کرے اس کے عزیز و اقارب میں دشمنی پیدا ہوگی لیکن دوسرے غیر عزیزوں میں اسکی عزت اور عظمت بڑھے گی

فائدہ دُوسرا

حصول ملازمت کے لئے سخت سے سخت حاکم کے روبرو اگر جانے کا اتفاق ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا شملے میں محفوظ کرے انشاء اللہ حاکم نظر ملاتے ہی نرم دلی اور ہمدردی سے پیش آئے گا اور حصول ملازمت میں کامیابی ہوگی۔

فائدہ تیسرا

اگر کسی کو اپنی بی بی سے یا بی بی کو شوہر سے محبت نہ ہو تو روزانہ اکیس روز تک اس نقش کو لکھکر اور دھوکر پانی پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسی اکیس روز میں نقش کا اثر ظاہر ہوگا اور محبت کے برتاؤ میں نمایاں فرق معلوم ہوگا۔

فائدہ چوتھا

سخت اور جفا کار محبوب کو رام کرنے کے لئے اس نقش کو دھوکر پلانا یا اس سورۂ یوسف کو تلاوت کرکے کسی مٹھائی یا الائچی پر

دم کرکے کھلانا جادو کا اثر رکھتا ہے محبوب کی نفرت دلی محبت میں تبدیل ہوجائیگی۔

فائدہ پانچواں اگر کوئی ملازم اپنی ملازمت سے علیحدہ ہوگیا ہو یا کسی جرم میں معطل کردیا گیا ہو۔ اس نقش کو چاندی کے تعویذ میں محفوظ کرکے بازو پر باندھ لے اور بحالی یا تقرر کیلئے حاکم کے سامنے جلئے انشاء اللہ اپنی ملازمت پر بحال ہوجائے گا۔ آنکھوں سے دو دھلے ہے مجرب ہے

فائدہ چھٹا اگر کسی کی بینائی میں فرق آگیا ہو اور کم نظر آتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور گلاب کے عرق سے دھوکر سرمہ میں کھرل کرتے وقت ڈالنا چاہیئے حتیٰ کہ سب پانی سرمہ میں ختم کردے۔ اس سرمہ کے استعمال سے انشاء اللہ آنکھوں کی جملہ شکایت رفع ہوکر بصارت میں اضافہ ہوگا۔

فائدہ ساتواں اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست قید ہوگیا ہو تو اس نقش کو لکھکر سیاہ کپڑے میں سی کر کسی انجیر کے درخت میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ میں قید سے رہائی حاصل ہوگی۔

صفحہ دو دسطر

نقش سورۂ ابراہیم

مع ۱۲ فوائد

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

تعبیر خواب

فائدہ پہلا خواب میں اس سورۂ ابراہیم کی تلاوت کرتے خود کو دیکھنے سے دنیا کے لوگوں میں اسکی عزت اور وقار میں اضافہ ہوگا۔

فائدہ دوسرا اگر کسی عورت نے دشمنی سے کسی مرد کو جادو یا سفلی عمل کے ذریعہ سے نامرد بنا دیا ہو اور کوئی علاج کامیاب نہوا ہو تو اس نقش کو مشک اور زعفران سے لکھکر پلانے سے انشاء اللہ تین روز ہی میں وہ مرد اپنی سابقہ حالت پر آجائے گا، بلکہ پہلے سے زیادہ مرد بن جائے گا۔

فائدہ تیسرا اگر کوئی شخص معاش کی تلاش میں سفر کا ارادہ رکھتا

ہو تو چلتے وقت اس نقش کو لکھکر کھونٹا طریقہ پر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ واپسی پر کافی مالدار ہوکر واپس ہوگا۔

فائدہ چوتھا اگر کسی کے ہاتھ پیروں اور جسم میں درد رہتا ہو تو نہانے کے پانی میں اس نقش کو دھوکر نہلادے اس پانی کے نہانے سے انشاء اللہ ہر اعصابی تکلیف دور ہوگی۔

فائدہ پانچواں بچوں کو نظر اور خوف سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو لکھنے کے بعد تعویذ بناکر بچے کے گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ بچہ نظر لگنے اور خوف کھانے سے محفوظ ہوجائے گا۔

فائدہ چھٹا پسوؤں، مچھروں، کھٹملوں سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو لکھکر تعویذ کی صورت میں بناکر اپنے پلنگ میں سر کی جانب اُڑس دے انشاء اللہ بے خوف وخطر نیند آئے گی۔

فائدہ ساتواں اگر کسی کے کھیت کو چوہے نقصان پہنچاتے ہوں تو اس نقش کو کورے سکوروں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں سکوروں کو دفن کردے، انشاء اللہ تعالیٰ کھیتی نقصان سے محفوظ ہوجائے گی۔

فائدہ آٹھواں اگر دشمن کی خانہ ویرانی درکار ہو تو اس نقش کو لکھکر دشمن کے مکان میں ایسی جگہ رکھوادے جہاں نقش کی بے ادبی نہو انشاء اللہ چالیس روز کے اندر ہی ویرانی شروع ہوجائے گی۔

فائدہ نواں ہر مصیبت سے نجات حاصل کرنے یا محفوظ رکھنے کے لئے اس نقش کو شروع ماہ میں کسی روز صبح کی نماز کے بعد زعفران سے لکھکر تعوید بناکر بازو پر باندھنا بہت مفید ہے۔

فائدہ دسواں مکان سے آسیبی اثرات دور کرنے کیلئے اس نقش کو کڑوے تیل کے چراغ میں فتیلہ بناکر جلادیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ مکان ہر بلا اور آسیب سے محفوظ رہیگا۔

فائدہ گیارہواں اگر کسی عورت کے دودھ کم ہوتا ہو تو اس نقش کو دھوکر یا کھانے میں دھلا ہوا پانی ملاکر عورت کو کھلا پلادیا کرے انشاءاللہ افراط سے دودھ پیدا ہوگا۔

فائدہ بارہواں اگر کسی کو داد ہوگیا ہو یا خارش کی شکایت ہو تو اس نقش معظم کو لکھکر اور پانی میں دھوکر اس پانی سے زخموں کو دن میں تین مرتبہ دھولیا کرے اور جس دوا کو استعمال کیا جارہا ہو اُس پر اس سورہ ابراہیم کی تلاوت کرکے دم کردینا چاہئے۔ انشاءاللہ ہفتہ ہی کے اندر صحت کلی حاصل ہوگی۔

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۶

یا جڑ میں دفن کر دے انشاء اللہ درخت ہر بیماری سے محفوظ رہ کر زیادہ سے زیادہ پھل دینے لگے گا۔

فائدہ چوتھا اگر بچہ ضدی ہو یا رونا زیادہ ہو تو اس نقش کو لکھکر اور موم جامہ کر کے تعویذ کی صورت میں اس کے گلے میں ڈالدے رونے اور ضد کی عادت دور ہو جائے گی۔

فائدہ پانچواں دشمن کی تباہی اور بربادی کیلئے اس نقش کو مٹی کی کوری ٹھیکریوں پر لکھکر اسکے مکان کسی جگہ پر جہاں بے ادبی نہ ہو محفوظ کر دے دشمن جلد تباہ اور برباد ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ جائز طور پر اثر ہوگا۔

دشمن

(۱۱)

نقش سورۂ مریم
مع چار فوائد

۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۰	۹۶۵۴۸	۹۶۵۴۶
۹۶۵۴۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص سورۂ مریم کی تلاوت کرتے ہوئے خود کو خواب میں

دیکھے گا۔ اللہ تعالے اسکو شیطانی وسوسوں سے بچا کر نیک راہ پر چلائیگا اور انبیاء
اپنے انبیا کی محبت حاصل ہوگی سبحان اللہ اور اکثر خوشی کے خواب نظر آتے رہیں گا

فائدہ دوسرا حمل کے قیام کیلئے۔ اگر کسی عورت کے حمل نہ ٹھیرتا ہو یا ٹھیر کر گرجاتا ہو۔ چاہیئے کہ شوہر اور عورت دونوں علیحدہ علیحدہ مٹی کے برتنوں میں مٹی بھر کر ان میں گیہوں کے دانے دبا دیں اور دونوں علیحدہ علیحدہ پیشاب کریں جسکے پیشاب سے گیہوں کا پودا نکل آئے اسکو نقش کے استعمال کی ضرورت نہیں ہے دوسرا فریق خواہ مرد ہو یا عورت اس نقش معظم کو ناف کے نیچے تعویذ کی صورت میں لکھکر باندھے اور ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ حمل ٹھیر جائے گا اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

فائدہ تیسرا اسی طرح جس درخت میں پھل نہ آتا ہو اس نقش معظم کو کاغذ پر لکھکر درخت کی کسی شاخ میں باندھ دی جائے انشاء اللہ بہت زیادہ پھل اس درخت میں پیدا ہوگا۔

فائدہ چوتھا اگر ضرورت ہو کہ ہر جگہ عزت اور احترام کیا جائے تو اس نقش کو زچیندری جمعرات کو زعفران سے لکھ اور تعویذ بناکر گلے یا بازو پر محفوظ کرے انشاء اللہ وہ جدھر جائے گا جس محفل میں گذرے گا لوگ اس کی عزت کریں گے دشمن بھی اُس کی عزت کو سعادت سمجھے گا۔

نقش سورۂ نور

مع پانچ فوائد

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرتے خود کو دیکھے گا انشاء اللہ اسے نور ایمان حاصل ہوگا اور لوگوں کو نیک کام کی ترغیب دے گا۔

فائدہ دوسرا جس شخص یا عورت کو یہ یقین ہوگیا ہو کہ اس پر کوئی الزام یا بہتان لگایا گیا ہے، یا لگایا جانے والا ہے تو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھے انشاء اللہ بہتان یا الزام لگانے

والا خود نادم ہوگا اور اپنی غلطی کا اعتراف کر کے معافی مانگے گا۔

فائدہ تیسرا اگر کسی کو خواب میں بکثرت نہانے کی حاجت ہو جاتی ہو۔ یعنی احتلام کی شکایت ہو گئی ہو تو

اس نقش کو لکھکر سرہانے اپنے تکیہ میں رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے پھر کوئی شیطانی وسوسہ نہ ہوگا اور پاک صاف صبح کو اٹھا کرے گا۔

فائدہ چوتھا آشوب چشم کیلئے اس نقش کو کاغذ پر لکھکر اس کا فتیلہ روئی لپیٹ کر بنالے اور چنبیلی کے

تیل میں اس کا کاجل نکال لے۔ آشوب چشم کیلئے بیحد مفید ہے

فائدہ پانچواں بانجھ عورت کیلئے یہ نقش جادو کا اثر رکھتا ہے۔ اس نقش کو سات مرتبہ کاغذ پر علیحدہ علیحدہ لکھے اور پرچوں کو علیحدہ کر کے ہر کاغذ کے ٹکڑے کو گڑ میں لپیٹ کر گولیاں بنالے ہر صبح ایک گولی کھالے آٹھویں روز شوہر سے ملے انشاء اللہ مراد کو پہنچے گی۔

نقش سورہ یٰسین

مع دس فوائد

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۷	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۵۹

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص سورہ یٰسین کو خواب میں خود تلاوت کرے انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور خداوند تعالیٰ کے دربار میں اسکا شمار نیک بندوں میں ہوگا۔

فائدہ دوسرا کوئی شخص اگر اس نقش معظم کو مشک اور زعفران سے لکھکر خواہ چینی کی طشتریاں ہوں یا کاغذات سات روز متواتر برص یا جذام کے مریض کو دھوکر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل ہوگی۔

فائدہ تیسرا اگر کوئی شخص نور ایمان سے بہرہ ور ہونے کیلئے اس نقش کو روزانہ اکیس روز تک کاغذ پر لکھکر اور دھوکر پیتا رہے انشاء اللہ اس کا دل نور ایمان سے روشن ہوگا اور کشف باطنی نصیب ہوگا۔ دشمنوں پر فتح اور نصرت نصیب ہوگی۔

فائدہ چوتھا اگر کوئی بری صحبتوں میں پڑکر اپنی جوانی برباد کرچکا ہو اور عورت کے قابل نہ رہا ہو تو اس نقش کو سات روز تک زعفران سے لکھکر دھوکر پیتا رہے انشاءاللہ قوت باہ پیدا ہوگی اور از سر نو جوانی عود کر آئے گی لیکن اس قوت کا استعمال جائز صورت میں ہونا چاہیئے ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہوگا۔

فائدہ پانچواں اگر سورۂ یٰسین شریف کے اس نقش کو صاف کاغذ پر لکھکر اور اسے شیشے میں فریم کراکر مکان میں لٹکا دے تو انشاء اللہ کسی قسم کی کوئی آسمانی بلا اس گھر پر اپنا اثر نہ کرسکے گی۔ اور وہ گھر نہایت پاک وصاف رہے گا۔

فائدہ چھٹا جس لڑکی کیلئے معقول شوہر نہ ملتا ہو اور عمر بڑھتی یا لڑکی کے جہیز کی کوئی سبیل نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو تین روز لڑکی اور اسکے ماں باپ لکھکر اور دھو دھوکر پیا کریں۔ انشاءاللہ آئندہ جو پیام لڑکی کا آئے گا وہ نہایت مناسب آئے گا اور غیب سے جہیز کی سبیل ہوجائے گی۔

فائدہ ساتواں جس شخص کو کوئی ملازمت نہ ملتی ہو اور معاشی

پریشانی سے عاجز ہوگیا ہو اسکو چاہیئے کہ اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اور تعویذ بنا کر لوبان کی دھونی دینے کے بعد اپنے بازو پر باندھ لے اور جہاں درخواست دے درخواست پر سورہ یسین پڑھ کر دم کر دے انشاء اللہ معقول ملازمت مل جائے گی۔

فائدہ آٹھواں

اگر کسی عورت کے جان لیوا دردزہ ہو رہا ہو اور وضع حمل نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر گڑ میں گولی بنا کر عورت کو کھلا دے اور ایک نقش لکھکر اس کی کمر میں آگے کے جانب ناف سے نیچے باندھ دے انشاء اللہ جلد فارغ ہوجائیگی لیکن بچہ ہوتے ہی فوراً پیٹ پر سے تعویذ کھول دینا چاہیئے ورنہ نقصان ہے۔

فائدہ نواں

اگر بیوی شوہر کے مقابلہ میں زبان دراز ہو یا کوئی نوکر یا لونڈی غلام زبان دراز ہو تو اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے انشاء اللہ پھر گستاخی کی جرأت نہ ہوگی اور نہایت فرماں بردار بن جائیں گے۔

فائدہ دسواں

اگر کسی کی ڈاڑھ میں درد ہوتا ہو اور تکلیف سے پریشان ہو تو اس نقش کو لکھکر آدھ سیر پانی میں دھو دے اس میں دو تولہ کنر نجی ڈال کر خوب جوش دے کر اس کی کلیاں کریں۔ درد فوراً دور ہوجائے گا۔

نقش سورۂ رحمٰن

مع سات فوائد

۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۹	۳۰۲۹۶
۳۰۳۰۸	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۲	۳۰۳۰۷
۳۰۲۹۸	۳۰۳۱۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۰۱
۳۰۳۰۵	۳۰۳۰۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۱۰

تعبیر خواب

فائدہ پہلا سورہ یٰسین کو اگر کوئی شخص خود تلاوت کرتا ہوا خواب میں دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ اسکو حج نصیب ہوگا۔

فائدہ دوسرا کسی شخص کے اگر تمام جسم میں درد ہوتا ہو، یا کسی نماز اعصابی درد میں مبتلا ہو تو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھ روغن تلخ یعنی کڑوے تیل میں ڈال دے اور پھر اس تیل سے مالش کرے یا جو مالش کی دوا استعمال کر رہا ہو اسی میں اس نقش کو لکھکر ڈالدے انشاءاللہ فوراً فائدہ ظاہر ہوگا۔

فائدہ تیسرا اگر کوئی شخص خود اپنے بچہ کیلئے حفظ قرآن کی تمنا رکھتا ہو اور حافظہ سے مجبور ہو تو اس کو چاہیئے کہ اکیس ۲۱ روز تک بلا ناغہ اس نقش کو بعد نماز فجر زعفران سے کاغذ پر لکھکر اور دھو کر بچے کو پلایا کریں، اور قرآن پاک حفظ کرنا شروع کر دے انشاء اللہ جلد حافظ ہو جائے گا اور حافظہ نہایت مستحکم ہو گا۔

فائدہ چوتھا جس بچہ یا بوڑھے جوان کو چیچک نکلی ہو تو اس نقش کو لکھکر اور پانی میں دھو کر اس پانی کو مریض کے بستر پر چھڑک دے اور نقش کو بازو پر باندھ دے جلد صحت ہو گی۔

فائدہ پانچواں اگر راتوں کو کتے بھونک بھونک کر سونا حرام کرتے ہوں تو اس نقش کو لکھکر مکان کے اس سمت کسی جگہ اونچائی پر لٹکا دیں یا چسپاں کر دیں۔ انشاء اللہ کتوں کی آواز بند ہو جائے گی۔

فائدہ چھٹا اگر کسی بچے یا بوڑھے کی آنکھیں آب کر آئی ہوں اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو متواتر سات روز تک اس نقش کو زعفران سے لکھکر صبح کے وقت آنکھیں اس تعویذ کے دھوئے ہوئے پانی سے دھونا نہایت مفید ہے۔

فائدہ ساتواں ہر قسم کے بخار کیلئے حتی کہ تپ کہنہ کیلئے بھی اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھکر چاندی کے تعویذ میں موم جامہ کر کے گلے میں ڈالنا مفید ہے، انشاء اللہ جلد موذی بخار سے نجات حاصل ہو گی۔

(۱۵)

نقشِ سورۂ الم نشرح

مع چھ فوائد

۳۱۰۳	۳۱۰۲	۳۱۱۰	۳۰۹۶
۳۱۰۹	۳۰۹۷	۳۱۰۷	۳۱۰۸
۳۰۹۸	۳۱۱۲	۳۱۰۵ فاز	۳۱۰۱
۳۱۰۶	۳۱۰۰	۳۰۹۹	۳۱۱۱

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص اس سورہ الم نشرح کو خواب میں تلاوت کرے گا انشاء اللہ جملہ بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

فائدہ دوسرا جو شخص اپنی تجارت میں فائدہ چاہتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھکر ہر سامان میں محفوظ رکھدے اور جہاں رقم رہتی ہو وہاں بھی ایک نقش لکھ کر محفوظ کردے انشاء اللہ تعالےٰ مال میں برکت ہوگی اور فروختگی میں اضافہ ہوگا۔

فائدہ تیسرا درد شانے کے لئے یعنی جس کسی کے کاندھے میں درد رہتا ہو تو اس نقش کو لکھکر جوش کرتے وقت پانی میں ڈالدے اور اس پانی سے درد والے مقام پر لوٹے کی ٹونٹی سے دھارے انشاءاللہ فوراً درد جاتا رہیگا۔

فائدہ چوتھا جو شخص ہر وقت نامعلوم دہشت کا شکار رہتا ہو اور دل میں ہر وقت خوف معلوم ہوتا ہو وہ اس نقش کو تعویذ کی صورت میں اپنے پاس رکھے انشاءاللہ کسی قسم کی دہشت اور خوف نہ رہے گا۔

فائدہ پانچواں اگر کسی کے دل میں درد رہتا ہو یا اختلاج قلب کی شکایت ہو تو اس نقش کو زعفران سے دھوکر گلاب کے یا کیوڑے کے عرق میں تین روز تک صبح کے وقت دھوکر پیئے انشاءاللہ مرض دور ہو جائے گا۔

فائدہ چھٹا اگر کسی شخص کے مثانہ میں پتھری پڑ گئی ہو اور علاج سوائے آپریشن یعنی جراحی کے اور کوئی نہ باقی رہے تو اس نقش کو روزانہ مشک اور زعفران سے چینی کی طشتریوں پر لکھکر سات روز تک صبح کے وقت پلائے۔ انشاءاللہ پتھری خود بخود گھل جائے گی اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

(۱۶)
نقش سورۂ فیل
مع تین فوائد

۱۴۶۶	۱۴۶۹	۱۴۷۲	۱۴۵۸
۱۴۷۱	۱۴۵۹	۱۴۶۵	۱۴۷۰
۱۴۶۰	۱۴۷۴	۱۴۶۷	۱۴۶۴
۱۴۶۸	۱۴۶۳ خانہ پُر	۱۴۶۱	۱۴۷۳

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص خواب میں اس سورۂ فیل کی تلاوت کرتے ہوئے خود کو دیکھے گا۔ انشاءاللہ دشمنوں کے شر اور فساد سے محفوظ رہیگا اور دشمن اسکا بال بیکا نہ کرسکے گا۔

فائدہ دوسرا جس شخص کے دشمن بہت ہوں اور وہ ہردم دشمنوں سے خائف رہتا ہو اسکو چاہیئے کہ عصر اور مغرب کے درمیان اس نقش کو (۱۴۱) مرتبہ کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور پھر آٹے کی گولیاں اسطرح بنالے کہ کاغذ آٹے میں چھپ جائے اس کے بعد قبل عشاء سمندریا

دریا پر جا کر پوری گولیاں پانی میں ڈال دے۔ انشاء اللہ دشمن مقہور ہونگے اور
اسے سرفرازی نصیب ہوگی۔

فائدہ تیسرا جس شخص کو مرگی آتی ہو چاہیئے کہ نقش ہذا کو پانی میں دھو کر اسکے چھینٹے مریض کے منہ پر دے انشاء اللہ صحت ہوگی اور اگر روزانہ دورہ مرگی کے علاوہ اس نقش کو دھو کر اس پانی سے منہ دھویا کرے تو مرض جاتا رہیگا۔ اور ہمیشہ کیلئے اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ آزمودہ ہے۔

(۱۷)

نقش سورہ کوثر

مع تین فوائد

۶۹۰	۶۹۳	۶۹۷	۶۸۳
۶۹۶	۶۸۴	۶۸۹	۶۹۴
۶۸۵	۶۹۹	۶۹۱	۶۸۸
۶۹۲	۶۸۷	۶۸۶	۶۹۸

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص خواب میں اس سورہ کو تلاوت کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ دنیا میں نیک نام رہیگا اور مرنے کے بعد اس کی عاقبت بخیر ہوگی۔

فائدہ دوسرا جو شخص روزانہ اس نقش کو دھوکر پی لیا کرے اور روزانہ دس تسبیح اسکی پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اسے آب کوثر عطا کرے گا۔

فائدہ تیسرا جو شخص اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور تعویذ بناکر اپنے گلے میں ڈال لیگا اس طرح کہ تعویذ اسکے قلب سے ٹکراتا رہے اور روزانہ بعد نماز عشاء اس سورہ کی دس تسبیح پڑھ کر سویا کریگا انشاء اللہ تعالیٰ اسکو دیدار سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہوگا۔

---

(۱۸)

نقش سورۂ کافرون

مع چھ فوائد تعبیر خواب

۹۴۹	۹۶۳	۹۶۰	۹۵۶
۹۶۱	۹۵۵	۹۵۰	۹۶۲
۹۵۴	۹۵۲	۹۶۵	۹۵۱
۹۶۴	۹۵۲	۹۵۳	۹۵۹

فائدہ پہلا جو شخص اس سورہ کی خواب میں تلاوت

کرے گا وہ محفلوں میں بیٹھنا زیادہ پسند کرے گا اور سرخروئی اسکی قسمت میں تحریر ہوگی

فائدہ دوسرا جو شخص اس نقش کو گلاب کے عرق میں زعفران سے لکھکر اور تعویذ بنا کر اپنے پاس محفوظ رکھے گا۔ اسکی زندگی با ایمان رہے گی اور خدا کا مقبول بندہ ہوگا۔

فائدہ تیسرا اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھکر تعویذ بنا کر کاتے ہوئے مقام پر باندھ دے اور دوسرے نقش کو لکھکر دھوکر پلادے جلد فائدہ ہوگا۔

فائدہ چوتھا اگر یہ خواہش ہو کہ اللہ تعالیٰ فاسد خیالات سے نجات دلائے اور جھوٹے عقیدوں سے محفوظ رکھے تو اس نقش کو کیوڑے کے عرق میں مشک سے لکھ کر تعویذ کی صورت میں اپنے گلے یا بازو پر محفوظ کرے انشاء اللہ ایک بزرگ اور مومن کی صف میں شمار ہوگا۔

فائدہ پانچواں اگر رزق میں برکت نہ ہو اور ہمیشہ پریشانی ستاتی ہو تو تو اس نقش کو روزانہ دھو کر ایک مرتبہ پی لیا کرے۔ اور ایک نقش اس جگہ محفوظ کردے خواہ کوئی بکس ہو یا زمین جہاں وہ روپیہ رکھتا ہو۔

فائدہ چھٹا بچے اکثر سوتے میں چونکتے رہتے ہیں یا دانت نکلتے وقت بہت لاغر ہو جاتے ہیں۔ بچوں کو نظر بھی لگتی رہتی ہے ایسی صورتوں میں اس نقش کو موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے بانتیجہ بچوں کے دانت نکل آئیں گے اور بچے نہایت تندرست رہیں گے ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔

نقش سورہ نصر

مع تین فوائد

۱۵۳۳	۱۵۲۷	۱۵۳۴	۱۵۳۰
۱۵۲۵	۱۵۳۹	۱۵۲۴	۱۵۳۶
۱۵۲۸	خانۂ زر ۱۵۳۲	۱۵۳۹	۱۵۲۵
۱۵۳۰	۱۵۳۶	۱۵۲۷	۱۵۳۳

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص اس سورۃ کو خواب میں تلاوت کرتا ہوا دیکھے گمان ہے کہ اسکی زندگی تھوڑی ہے۔ یوں تو موت اور زندگی خدا کے ہاتھ میں ہے۔

فائدہ دوسرا جو کوئی قلب کی کمزوری کی وجہ سے ہر وقت دہشت زدہ سا رہتا ہو اور یہ معلوم ہوتا ہو کہ کوئی شخص ہم پر غالب آ رہا ہے تو اس کو چاہئیے کہ اس نقش کو زعفران سے لکھکر روزانہ تین مرتبہ فجر اور عصر و مغرب بعد نماز دھو کر پی لیا کرے انشاء اللہ خوف اور دہشت کا اثر زائل ہو جائے گا اور قلب مضبوط اور قوی ہوگا۔

فائدہ تیسرا اگر کسی کو بجلی سے تشکار کا بہت شوق ہو اور خواہش کسی نماس

مچھلی کے شکار کی ہو تو اس نقش کو کاغذ کے پرزے پر لکھ کر اسے باریک قینچی سے
کترلے اور کانٹے میں جو چارہ شکار کے لئے لگائے اس میں یہ کاغذ کے پرزے
ملا دے انشاء اللہ شکار میں وہی مچھلی کانٹے میں آئے گی جس کی خواہش کی تھی
یاد رہے کہ کاغذ کترتے وقت اس مچھلی کا تصور دل میں رہے۔ اگر جال کا شکار کرنا ہو
تو اس نقش کو جال میں کسی جگہ باندھ دے۔ جال یا کانٹا خالی نہ نکلے گا۔

(۲۰)

نقش سورہ لہب

مع پانچ فوائد

۲۵۰	۸۵۳	۲۵۶	۸۴۳
۸۵۵	۲۴۲	۸۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۸۵۴	۲۵۱	۸۳۶
۸۵۲	۲۴۷	۸۴۶	۲۵۷

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص خواب میں اس سورۃ کی تلاوت کرتے ہوئے خود کو دیکھے گا
مالدار ہوگا تو تنگ دست ہو جائے گا۔ لیکن اللہ ہر چیز پر قادر ہے

فائدہ دوسرا جو شخص اپنے دشمنوں پر فتح اور سرفرازی حاصل کرنا چاہتا ہے اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو (۳۰۰) مرتبہ کاغذ کے پرزوں پر لکھکر انکو کوئیلوں پر سلگائے اور اسکا دھواں دشمن کے مکان کی سمت خواہ کتنی ہی دور ہو پھونکتا رہے۔ انشاء اللہ دشمن مقہور رہیگا۔ اور سرخروئی نصیب ہوگی۔

فائدہ تیسرا جو شخص اس نقش کو زعفران سے لکھکر تعویذ بناکر ہمیشہ اپنے بازو یا گلے میں محفوظ رکھیگا۔ اس کی عزت ہر جگہ ہوگی جس حاکم یا بادشاہ کے پاس جائے اس کی عزت کی جائیگی اور ہر کام اسکا بہ آسانی تکمیل پاتا رہیگا۔

فائدہ چوتھا اس نقش کو بر طریق مندرجہ بالا پاس رکھنے سے اسکی روزی میں برکت ہوگی اور ہر بیماری اور آسمانی بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

فائدہ پانچواں بچوں کے دانت بہ آسانی نکلنے کیلئے اس نقش کو بچے کے گلے میں ڈالنا نہایت مفید ہے۔ علاوہ دانتوں میں آسانی کے بچوں کو کسی قسم کی کوئی نظر وغیرہ نہیں لگے گی۔

(۲۱)

نقش سورۂ اخلاص

مع چھ فوائد

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

تعبیرِ خواب

فائدہ پہلا جو شخص خواب میں اس سورہ کی تلاوت کرتے ہوئے خود کو دیکھے گا، انشاء اللہ وہ دشمنوں کے شر اور فساد سے محفوظ رہے گا مخالفین اسکا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے۔

فائدہ دوسرا اگر کسی کا کوئی عزیز قید میں ہو، اسکی رہائی کے لیے شب جمعہ اس نقش کو زعفران سے لکھکر اور لوبان کی [illegible]نی دیکر قیدی عزیز کے پاس کسی طرح پہنچا دیا جائے کہ وہ اپنے محفو[illegible] انشاء اللہ جلد قید سے رہائی غیب سے ہوگی اور جب تک قید میں رہے گا

دہاں کے مصائب سے محفوظ رہے گا۔

فائدہ تیسرا جو شخص روزانہ اس نقش کو ایک مرتبہ صبح کے وقت بعد نماز فجر دھوکر پی لیا کرے انشاء اللہ اس کے گھر میں رزق فراواں ہوگا اور اس کی روزی میں اس قدر برکت ہوگی کہ بہت جلد مالدار ہو جائے گا۔

فائدہ چوتھا جو شخص اس کو ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھکر تعویذ کی صورت میں اپنے پاس رکھیگا۔ انشاء اللہ وہ جن بھوت چڑیل اور آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا اسکو کوئی موذی جانور کسی قسم کی گزند نہیں پہنچا سکے گا۔

فائدہ پانچواں جو شخص مفلس ہو اور اسکی کمائی کفایت نہ کرتی ہو تو روزانہ شب میں اس نقش کو لکھکر روئی میں فتیلہ بنا کر کڑوے تیل کا چراغ روشن کر دیا کرے۔ انشاء اللہ اس کی پریشانی دور ہوگی۔

فائدہ چھٹا جو شخص اس نقش کو قمری مہینہ کی ابتدائی جمعرات کو بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھکر زعفران سے لکھے گا۔ اور لوبان کی دھونی دے کر اپنے گلے یا بازو پر محفوظ کرلے گا انشاء اللہ اسکے تمام بگڑے کام بنتے رہیں گے۔ بچوں کے گلے میں ڈالنے سے بچے ہر بیماری سے محفوظ رہ کر نہایت تندرست ہونگے اور عقل سلیم کے ساتھ ساتھ عمر میں بھی اضافہ ہوگا۔

(۲۲)

نقشِ سُورۂ فلق

مع چھ فوائد

۲۱۶۱	۲۱۷۵	۲۱۷۱	۲۱۶۸
۲۱۷۲	۲۱۶۷	۲۱۶۲	۲۱۷۴
۲۱۶۶	۲۱۶۹	۲۱۷۷	۲۱۶۳
۲۱۷۶	۲۱۶۴	۲۱۶۵	۲۱۷۰

تعبیرِ خواب

فائدہ پہلا جو شخص سورہ ہذا کی تلاوت خواب میں محود کرتا ہوا نظر آئے. وہ انشاء اللہ تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا.

فائدہ دوسرا جو شخص روزانہ اس نقش کو لاتعداد مرتبہ لکھکر اور باریک باریک ڈورے کاٹ کر آٹے کی گولیوں میں ملاکر مچھلیوں کو چالیس روز تک کھلاتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ دنیا میں تمام زندگی سرخرو رہے گا دشمن بھی اسکی عزت کرے گا. اس کا بگڑا ہوا کام بھی بن جائے گا. کوئی طاقت اسکو مغلوب نہ کرسکے گی، ہر محفل میں

اسکی تعریف ہوگی

فائدہ تیسرا جو شخص اس نقش کو نوچندی جمعرات کے روز زعفران سے لکھکر اور دھو کر ہر ماہ پی لیا کرے انشاء اللہ وہ ہمیشہ جادو اور سفلی عملوں کی زد سے محفوظ رہے گا۔

فائدہ چوتھا اگر اس نقش کو لکھ کر اور تعویذ بنا کر بچوں کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ تو بچے ضد کرنا چھوڑ دینگے اور تندرستی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

فائدہ پانچواں ام الصبیان اور دق الاطفال یہ مرض عموماً بچوں کو ہوجاتا ہے جسمیں یہ سوکھ کر کانٹا ہوجاتے ہیں اور بہت کم بچے زندہ بچتے ہیں ایسے مریض بچوں کے لئے اس نقش کو روزانہ قبل طلوع آفتاب کیوڑے کے عرق زعفران سے لکھکر دھوکر پلا دیا جایا کرے اور متواتر ۲۱ یوم تک یہ عمل جاری رہے انشاء اللہ بچہ کی حالت سنبھلتی جائے گی اور میعاد کے اندر ہی بچہ تندرست ہوکر خوشحال ہو جائے گا۔

فائدہ چھٹا بچوں کو نظر بد سے بچانے کیلئے بھی اس نقش کے تعویذ کو بچوں کے گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے۔

(۲۳)

نقش سُورۂ ناس

مع پانچ فوائد

۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۷	۱۳۲۳
۱۳۲۸	۱۳۲۲	۱۳۱۷	۱۳۲۹
۱۳۲۱	۱۳۲۵	۱۳۳۲	۱۳۱۸
۱۳۳۱	۱۳۱۹	۱۳۲۰	۱۳۲۶

تعبیر خواب

فائدہ پہلا جو شخص اس سورۃ کو خواب میں تلاوت کرتے ہوئے خود کو دیکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مخالفوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

فائدہ دُوسرا جو شخص اس نقش کو کاغذ پر لکھکر دشمن کا تصور کرکے آگ پر جلائے گا دشمن اس کا تکلیف میں مبتلا ہوگا۔ لیکن بلاوجہ تکلیف نہ دینا چاہیئے جب کوئی صورت دوسری نظر آئے اسوقت یہ عمل کرے۔

فائدہ تیسرا اگر کسی جگہ شادی کا خیال ہو خواہ لڑکا ہو یا لڑکی لیکن فریق ثانی کی نسبت دوسری جگہ ہو رہی ہو اس رشتہ کو توڑنے کے لئے پہلے اس نقش کو کورے مٹی کے سکوروں پر لکھکر انکو آگ میں خوب گرم کرے حتیٰ کہ روزانہ یہ عمل کرنے سے ایک ہفتہ کے اندر ہی دوسرا رشتہ ختم ہو جائے گا۔ اس کے بعد اس نقش کو زعفران سے لکھکر روزانہ لڑکی یا لڑکے کو پلا دیا جایا کرے انشاءاللہ تعالیٰ حسب خواہش وہ رشتہ خود بخود مستحکم ہوگا۔ اور عقد ہو جائے گا۔

فائدہ چوتھا اگر کسی کا کوئی بچہ یا عزیز بلا اطلاع کہیں چلا گیا ہو اور کوئی پتہ نہ چلتا ہو تو شب دوشنبہ اس نقش کو کاغذ پر لکھکر اسکی دھونی تمام گھر میں دے اور اس نقش کو دوسرے کاغذ پر لکھکر کسی بیری کے درخت میں باندھ دے انشاءاللہ اسی ہفتہ میں گم شدہ یا تو مکان پر واپس آجائے گا یا اسکا پتہ معلوم ہو جائے گا۔

فائدہ پانچواں اگر کسی دو مرد اور عورت میں ناجائز محبت کا امکان ہو اور اندیشہ ہو کہ اس محبت کے بڑھ جانے سے گنہگار ہو جانے کا خدشہ ہے تو اس نقش کو دونوں میں سے کسی ایک کے پاس جس پر قابو ہو محفوظ کر دے انشاءاللہ دونوں میں نفرت پیدا ہو جائے گی اور گناہ سے بچ جائیں گے۔

نقش قرآنی

نوٹ :- جب کلام الٰہی کی ادنیٰ سی ادنیٰ آیۃ کریمہ کے اوصاف شمار سے باہر ہیں تو پورے کلام الٰہی کے اوصاف کس طرح بیان کئے جا سکتے ہیں انکی توصیف سے زبان قاصر ہے ذیل کے نقش پورے کلام پاک کا نچوڑ ہے جسکو اگر باقاعدہ زکاۃ دے کر عامل بنا جائے تو دُنیا میں اس شخص کی عظمت اور بزرگی کا کیا کہنا نقش ذیل میں درج کیا جاتا ہے اور اسکے عامل ہونے کا طریقہ بھی تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے۔

۸۱۰۵۲۸۶	۸۱۰۵۲۷۹	۸۱۰۵۲۸۴
۸۱۰۵۲۸۱	۸۱۰۵۲۸۳	۸۱۰۵۲۸۵
۸۱۰۵۲۸۲	۸۱۰۵۲۸۷	۸۱۰۵۲۸۰

بحساب ابجد اللہ کافی المہمات قاضی الحاجات کے اعداد (۰۵۰۲) دو نمبر پچاس ہوتے ہیں لہذا، اس نقش کو کاغذ کے چھوٹے چھوٹے پرزوں پر (۰۵۰۲) جگہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنالے اور دریا یا سمندر میں ڈالتا رہے یہ عمل زکاۃ کے طور پر عامل ہونے بعد کا ہے۔ عامل ہونے کے لئے ذیل کی ہدایت پر عمل کرے۔

روزانہ (۳۵۲) تین سو باون کاغذ کے پرزوں پر لکھکر آٹے کی گولیاں بناکر دریا یا سمندر میں ڈالنا شروع کردے پانچ چلوں میں (۳۲۳۶۲۳۴) تین لاکھ چھتیس ہزار دو سو تنتیس کی تعداد پوری ہوگی اسوقت عامل اس عمل کا حاکم بن جائے گا۔ چونکہ یہ نقش جامع کمالات ہے اسکے ہر مقصد کیلئے اسکا عامل مقتدر ہوگا۔ جب کبھی خود یا کسی دوسرے کی کوئی حاجت ہو کوئی آفت یا مصیبت آپڑے تو اسکو ایک مرتبہ دو ہزار پچاس کاغذ کے پرزوں پر لکھکر اور آٹے کی گولیاں بناکر دریا یا سمندر میں ڈالدے نیت کامیابی کی رکھے انشاءاللہ مراد کو پہنچے گا۔

نقوش آیات قرآنی

(۱)

جس شخص کا حاکم سخت ہو اور ہمیشہ ناراض رہتا ہو یا شوہر ناراض رہتا ہو یا بی بی خلاف رہتی ہو تو اس آیتہ کو کاغذ پر لکھکر بازو پر باندھ لے انشاءاللہ فریق مہربان ہوگا۔

۱ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ہ

(۲)

جس عورت کا شوہر ناراض رہتا ہو اور بی بی کے علاوہ دوسری جگہ عیش و تفریح میں مصروف رہتا ہو۔ عورت کو چاہیئے کہ اس آیتہ شریفہ کو لکھکر یا لکھوا کر اپنے پاس چوٹی میں محفوظ رکھے اور اس آیتہ کو پڑھ کر یا پڑھوا کر شیرینی پر دم کر کے شوہر کو کھلا دے انشاءاللہ فریفتہ ہوگا یہ عمل صرف جائز شوہر کے لئے مفید ہوگا، ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا

(۳)

جو شخص اس آیۂ کریمہ کو روزانہ سات مرتبہ لکھکر اور دھوکر پی لیا کرے اور لکھکر بازو پہ باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ اسکا قرض جلد ادا ہو جائے گا۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(۴)

جو شخص اولاد سے محروم اور قطعی مایوس ہو چکا ہو یا عورت مایوس ہو چکی ہو اس آیۂ کو روزانہ دونوں میاں بیوی کاغذ پر لکھکر چالیس روز تک دھو دھو کر پیتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ ایک چلہ کے اندر اولاد کی امید ظاہر ہوگی رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

(۵)

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو یا گرنے کا اندیشہ ہو تو ذیل کی آیۂ کریمہ کو اور نمکورہ ذیل آیتہ کو دونوں کو کاغذ پر لکھکر عورت کے رحم کے مقام پر باندھ دے انشاءاللہ حمل محفوظ رہے گا اور اگر نہ ٹھیرتا ہو تو ٹھیر جائیگا

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ

(۶)

یہ آیۃ کریمہ مندرجہ بالا ۵ سے بھی مضبوط ہے ذیل کی ضرورت بھی اس سے پوری ہوتی ہے اگر کسی شخص کو دشمن سے نجات حاصل کرنا ہو تو اس آیۃ کو ہرن کی جھلی پر لکھکر اپنے بازو پر تعویذ کے طور سے باندھ لے انشاءاللہ محفوظ رہیگا.

بسم اللہ مجرٖیہا و مرسٰہا ان ربی لغفور الرحیم ط

(۷)

مکان کو گرنے سے محفوظ رکھنے کا نقش

یہ نقش کئی باروں بار کا آزمودہ ہے اگر کسی کا مکان بوسیدہ ہوا اور دیواریں شق ہو چکی ہوں ذیل کا شعر کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھکر مکان میں جسقدر کمرے ہوں ہر کمرے کے چاروں طرف دیوار پر کیلوں سے ٹھونک دے یا چپاں کردے انشاءاللہ جبتک یہ نقش دیوار پر رہیگا وہ دیوار گرنے سے محفوظ رہیگی.

۷۸۶

بحق شاہ معروف کرخی
بماند سالہا دیوار ترجی

(۸)

نقش برائے دفعیہ بخار باری

جس کسی کو لرزہ سے ایک دن چھوڑ کر بخار آتا ہو جسکو ملریا بھی کہتے ہیں

علاج سے تیمار دار عاجز آچکے ہوں وہ ذیل کی آیتہ کو پیپل کے پتوں پر جسطرف سے
پتہ چکنا ہوتا ہے لکھکر صبح و شام اور دوپہر مریض کو دھو کر پلادے انشاء اللہ
پہلے ہی روز سے فائدہ ظاہر ہوگا۔ روزانہ تین پتے کافی ہیں زیادہ سے زیادہ
تین روز یہ عمل کرنا چاہیئے۔
قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ۝

۹

جو شخص کسی سے بچھڑ گیا ہو یا اُس سے کوئی بچھڑ گیا ہو، یا کوئی شے گم ہوگئی
ہو تو آیتہ ذیل کو باریک ہرنی کی جھلی پر لکھکر کسی سرسبز تناور درخت کی
شاخ سے باندھ دینا چاہیئے یہ عمل علی الصباح کرنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ
گم شدہ چیز مل جائے گی یا لاپتہ عزیز کا پتہ چل جائے گا۔ اور خود بخود پریشان ہوکر
گھر واپس آجائے یا خود اپنے مکان پر پہنچ جائے آیتہ شریف یہ ہے۔
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ

۱۰

جس شخص کو مفلسی نے پریشان کر رکھا ہو اور کوئی صورت اسکی بہتری کی نظر
نہ آتی ہو ہر طرف مایوسی ہی مایوسی ہو تو سورہ آیتہ الکرسی کو گیارہ کاغذ کے
ٹکڑوں پر لکھکر انکے تعویذ بنالے یعنی تہ کرلے لیکن یاد رہے کہ لکھنے کا
عمل چاند کی اول تاریخوں میں دوشنبہ کے دن بعد نماز صبح انجام دے

ان گیارہ تعویذوں کو مندرجہ ذیل مقام پر پہنچادے ایک تعویذ مکان کے مشرق کی جانب آبادی سے دور کسی بیری کے درخت میں باندھ دے ایک تعویذ اسی طرح مغرب کی جانب ایک شمال کی جانب اور ایک جنوب کی جانب اس کے بعد ایک تعویذ کسی پانی والے کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈالدے تاکہ تعویذ تہ میں بیٹھ جائے ایک تعویذ قبرستان میں کسی شکستہ قبر میں جاکر ڈالدے ایک تعویذ اپنے مکان کے صدر دروازہ کی چوکھٹ میں اوپر کے حصہ میں محفوظ کر کے ایک تعویذ اپنے کمرہ وغیرہ میں جہاں وہ سوتا ہو اسی طرح محفوظ کر دے ایک تعویذ اپنے بستر کے تکیہ میں رکھدے بقیہ دو تعویذوں کو آنے والے جمعرات کے شب کے وقت مغرب کے بعد بتی بنا کر روئی لپیٹ کر دو چراغوں میں تیل ڈال کر روشن کردے۔ انشاءاللہ ایک ہی ہفتہ میں غیب سے اسکی مفلسی دور اور فارغ البالی کی صورت پیدا ہوجائے گی اور اسکو معاشی سکون نصیب ہوجائیگا۔

---

(۱۱)

کسی شخص کو اگر سفر درپیش ہو اور یہ خواہش ہو کہ سفر بعافیت طے ہوجائے اور واپسی کامرانی کے ساتھ ہو خواہ سفر خشکی کا ہو یا تری کا ذیل کی آیۃ شریفہ کو صبح کے وقت بعد نماز فجر جائے نماز ہی پر بیٹھ کر زعفران سے عرق گلاب میں نئے تراشے ہوئے قلم سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈالدے انشاءاللہ سفر نہایت آرام سے بلا کسی نقصان اور خطرے کے طے ہوگا، اور پردیس میں نہایت اطمینان سے گذار کر نہایت کامیابی سے واپسی ہوگی۔ آیۃ یہ ہے

بسم اللہ مجریھا ومرسٰھا ان ربی لغفور الرحیم

(۱۲)

اگر کسی کو سردی سے بخار آتا ہو یا بچوں کو چیچک کی شکایت ہو تو مندرجہ بالا آیۃ کو بیری کی تازہ لکڑی کا مغز لیکر اس کو چیر کر ایک انچ لانبا چوڑا تراش لے اسپر یہ آیتہ لکھکر بخار زدہ کے گلے میں دھاگے سے باندھ کر ڈالدے اسی طرح چیچک کے مریض کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ شفائے کامل ہوگی۔

(۱۳)

جو شخص کسی سنگین مقدمہ میں ماخوذ ہو اور احتمال ہو کہ سزا ہو جائے گی۔ جب وہ عدالت میں پیشی کیلئے جائے تو ذیل کی آیتہ کو زعفران سے لکھکر اپنے ساتھ رکھے مقدمہ کے علاوہ ہر مصیبت میں اس آیتہ کا اپنے پاس رکھنا بہت مفید ہے۔ آیتہ یہ ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

(۱۴)

اگر کوئی شخص آفت ناگہانی میں مبتلا ہو گیا ہو، کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کا علاج کرنے سے فائدہ سے مایوسی ہو، درد سر کا مریض رہتا ہو۔ اختلاج قلب کے دورے پڑتے ہوں، مثانہ میں

پتھری پڑ گئی ہو، فیل پاؤں کا مرض ہو، فوطہ میں پانی بھر گیا ہو. قوت مردمی زائل ہو گئی ہو. قبل از وقت دانت ہلنے لگے ہوں اور گرنے کا اندیشہ ہو. بصارت میں کمی آچلی ہو، سماعت میں فرق آگیا ہو، بواسیر خونی یا بادی کی شکایت ہو. غرضکہ کسی قسم کا کوئی مرض لاحق ہو اور علاج سے مایوسی ہو چکی ہو۔ تو ذیل کی آیتہ کو عرق گلاب اور کیوڑہ دونوں کو ملا کر اور مشک اور زعفران سے آیتہ ذیل کو بعد نماز ظہر صدق دل سے صحت کی اُمید رکھ کر کاغذ پر اس طرح لکھے کہ درمیانی حصہ چھوڑ کر ایک کونہ سے شروع کرے اور لکھتا ہوا کاغذ کے چاروں طرف حاشیہ بنا ڈالے درمیان میں اللہ اکبر سات مرتبہ لکھکر اسکو بطور تعویذ اپنے پاس رکھے. ہر شکایت کے لئے نہایت زود اثر ہے آیتہ کریمہ یہ ہے

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

---

(۱۵)

اگر کسی شخص پر کوئی آسیب، جن، بھوت وغیرہ کا سایہ ہو یا کسی کا دماغی قوتوں کے قائم نہ رہنے کا احتمال اسکی حرکتوں سے ہوتا ہو. دماغی توازن کے بگڑنے سے شبہ ہو کہ اسپر کسی نے جادو کیا ہے یا کسی قسم کا کوئی

عمل اسپر کیا گیا ہے کسی کی محبت میں جنون کی سی باتیں کرنے لگا ہو۔ بشرطیکہ پاک محبت کی نیت ثابت ہو۔ یا کسی کے گھر میں اس قسم کی چوری ہو گئی ہو۔ کہ آپس والوں ہی پر شبہ ہو، تو ذیل کا نقش کاغذ پر کھینچ کر تین روز تک روزانہ ٹھیک دوپہر کے وقت نقش کی تہ کر کے اور زمین پر رکھ کر سات جوتے تلے کی جانب سے اسپر زور زور سے مار دے۔ انشاء اللہ پہلے ہی روز کے عمل سے حالات میں نمایاں تغیر معلوم ہو گا۔

غم دنیا و آخرت سے نجات پانے کیلئے

جو شخص ہر صبح و شام یہ کلمات سات سات بار پڑھے گا اللہ تعالے اسکو دنیا و آخرت کے غم سے نجات دے گا۔ حسبی اللہ لا الٰہ

أَلَا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۔

بچّوں کی حفاظت کیلئے

بچّوں کو ہر بلا و آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے اور نظر بد سے بچانے کیلئے کلمات ذیل لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

مراد حاصل کرنے کا طریقہ

بعد نماز عشاء چار رکعت نماز اور پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار اور باقی تینوں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد دعا مانگے اور اپنی دلی مراد چاہے حق تعالیٰ پوری کرے گا۔

تمام شد

قابل مطالعہ کتابیں